ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((389

23.07.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،50 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کرکے رپورٹ پیش کریں،تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی،شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 50 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کرکے براہ راست جواب طلبی کی۔کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کرکے مدعی مقدمہ کے حوالے کرکے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (390)

23.07.24

**بہاول پور(     ) تھانہ بغدادالجدید کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکو پر قتل، راہزنی و ڈکیتی کے درجنوں مقدمات درج تھے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق تھانہ بغدادالجدید پولیس کے پاس ایک ملزم محمد بلال ولد اللہ دتہ سکنہ ضلع مظفرگڑھ ڈکیتی کے مقدمات میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھا جس سے ڈکیتی میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز اور مدعی مقدمہ کے ضروری کاغذات کی ریکوری کی جانی تھی۔ رات کے پہلے پہر پولیس ٹیم ملزم کو لیکر چک نمبر 7/BC پلی برآمدگی کے لیے گئے۔ اسی دوران ملزم محمد بلال کے 04 کس ساتھی 02 عدد موٹر سائیکلوں پر سوار پولیس موبائل کے سامنے آ گئے اور للکارتے ہوئے کہنے لگے کہ ہمارا ساتھی چھوڑ دو اور پولیس پر جان سے مار دینے کی خاطر اندھا دھند سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے، گرفتار ملزم ہتھکڑی چھڑوا کر اپنے ساتھیوں کی طرف بھاگا اور اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہو کر گر پڑا۔ پولیس پارٹی کی طرف سے جوابی فائرنگ کی وجہ سے حملہ آور ملزمان موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے۔ ملزم بلال کو سنبھالا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکا تھا۔ بذریعہ وائرلیس سیٹ کنٹرول کو اطلاع دی اور مزید نفری کا کہا، اطلاع پا کر پولیس کی مزید نفری و ارلیبٹ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں ایس ڈی پی او سٹی سرکل اور ایس ایچ او تھانہ بغدادالجدید کی زیر قیادت آپریشن کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ہلاک ڈاکو محمد بلال پر 30 سنگین مقدمات تھے اور متعدد میں چالان ہو چکا تھا۔ مزید تفتیش و تحقیقات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم اپنی موت آپ مر گیا۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ تھانہ بغدادالجدید پولیس کو بہادری و جوانمردی سے مقابلہ کرنے پر ڈی پی او نے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**